This book was written by a socially-conscious, non-academic Bengali, at the time when Ayub's military regime was putting up a facade of national unity under the force of arms. It shows how the policies of Pakistani rulers alienated the mainstream of Bengali society. After December 1971, the book has been renamed The Social History of Bangladesh with slight changes. The real value to Pakistani readers is that it gives them a new perspective of Pakistani history between 1947 and 1971–when our rulers failed to understand the true meaning of federal State.

The author traces the historical roots of East Bengali people who, according to him, always constituted a separate entity. He writes "the people of Bengal had never accepted the land of Bengal as a mere province of India. They looked upon it as a separate country. They called it 'Bangadesh' or 'Bangladesh' and never said 'Banga-Pradesh'. Almost all the poets, authors, and writers conceived Bengal as a distinct and separate entity.........The Bengalis of today in East Pakistan numbering about 60 million are fully conscious and even proud of their distinct entity......"

Features of statehood

There are four main features which require attention for an understanding of the making of Bangladesh nation, which we, in Pakistan, tend to overlook. (a) Psychosis of a people who fought throughout known history of the area for freedom and decent existence. (b) Political polarisation within a federal State, consisting of distinct linguistic groups, through inept rule by bureaucrats-cum-politicians between 1947 and 1958 and heavy-handed military rule of thirteen years until 1971. (c) Economic policies which perpetuated disparities between the two major regions and inegalitarian society in all parts of the country. (d) Cultural isolation–this was created out of disrespect for language and social patterns of a distinct national group within a federal State by the ruling classes for their own convenience and interest.

Psychosis

Kamruddin Ahmad portrays the picture of my first point, through his tracing of the social history of East Bengalis who were fighting for their survival, not only in times of autocratic rulers, prior to British imperial rule, but the great sacrifices that they made under the double domination since 1793 when the East India Company introduced Permanent Settlement with the local zamindars bringing misery on top of the English rulers' exploitation. The psychosis of an underprivileged people gives rise not only to determination for survival but a personality of humanistic feeling. The author draws attention to the great influence of M.N.Roy and Muzaffar Ahmad who were initially moved by humanism and infused their ideas of social revolution not only in Bengal but throughout the Indian subcontinent.

With the rise of industrialism, East Bengal felt left out because only that section of Bengal prospered where zamindars and money lenders invested in profitable enterprises. It was this longing for belonging to a modern statehood that brought them in alliance with Muslim League and partnership with the people of north-western India in a federal State in 1947. By the end of the first decade, the author lamented the plight of the people of East Bengal:

"........they are gradually deteriorating physically, mentally and intellectually, ever since independence. All that could be said about the Muslims before the achievement of Pakistan can be said about the Bengalis even after the independence...... freedom could not stop the rot in East Pakistan....."

New rich

During Ayub raj, there was some help given to generate a few rich Bengalis through Government contacts but these people did not contribute to the civilization of East Bengal. He points out.....

"the new wealthy class created by the present non-political regime is the most culturally sterile. They employ no painters, sculptors, writers or architects who exhibit the slightest sign of original merit; they promote no publishing houses without a cast-iron promise of profit. They support neither theatre hall nor classical music. They do not even collect books or antiques...."

But we should give credit to people like Kamruddin who wrote so candidly about the morale of the people at the time, in spite of all the military junta and their henchmen.

On political polarisation, the case was quite clear: until 1958 except for thirteen months of Suharwardy's premiership, the whole period was a time of intriques and compromises of bureaucrats and feudal landlords who were mainly non-Bengalis. Ghulam Mohammad Iskindar Mirza and later Ayub Khan were playing every conceivable dirty trick to keep the interest of businessmen and bureaucrats in the forefront, forsaking the interests of the Bengali masses and the people of the deprived areas of West Pakistan. The masterstroke came when One Unit was forced upon the country with the consent of opportunist Bengali leaders.

Process of polarisation

Although the author is biased towards the Awami League (presumably, because he was an active party member) forgetting all the mistakes of the party, even apologetic towards Suhrawardy's West oriented foreign policy, one can see the process of polarisation of East Bengal, when some genuine effort was made towards national consensus by Bengali leadership.....

"Suhrawardy was becoming a national leader and his popularity in both the wings began to make President Mirza nervous and the reactionary forces felt anxious about their future. Suhrawardy was trying to force a general election on the basis of the 1956 Constitution to enable him to eliminate the entrenched reactionary leadership from the politics of Pakistan."

After 1960, under restricted franchise, the Bengalis were completely polarised in the political life of the country. The rich industrialists and landed aristocracy were the main beneficiaries under the Ayub electoral system.

On the third issue, one remembers that economic development in Pakistan was based on the capitalist model and so it had the inherent bias towards unequal development. The author is quite confusing and contradictory, and to a large extent becomes parochial, on the question of deprivation of the middle-class in East Bengal, because they did not become a part of the rich class created under foreign-aided development of the country. He develops the case that independence brought very little progress to East Bengal but then he goes on to say: "Big factories are developing in East Pakistan with ever-growing rapidity, ruining the small handicraftsmen and peasants, turning them into propertyless workers and driving ever increasing numbers to towns and industrial areas......" Then, later on, the author writes ".....the most serious problem according to the trade union leaders of East Pakistan is the absence of local industrialists. Foreign industrialists (West Pakistan), they maintain, who have invested and are investing capital in East Pakistan cannot have sympathy for local workers...." The fact of the matter is that the capitalists have no nationality–they go where the profit is and so their attitude towards workers is the same, regardless of country or region.

The real problem arose because of uneven development. Capitalists are attracted by a profitable environment, and social infrastructure under British was built in such a way that the areas of West Pakistan became more congenial for industrial development. The fault of Pakistani rulers was that the State machinery, instead of helping the deprived areas, assisted only those people who were building up profitable enterprises, regardless of regional demands and inegalitarian society through-out the country. As a consequence, East Bengal became a hinterland for Pakistani tycoons, using its resources and cheap labour with a captive market.

Cultural isolation

Lastly, cultural isolation was the direct result of chauvinistic policies of those bureaucrats who were appointed by the old policies of those bureaucrats who were appointed by the old guard Muslim Leaguers representing no one except themselves. The federal rulers, by unduly emphasizing a language spoken by only 3 percent of the population, and imposing it in Bengal, gave a wrong start. Some of their music and art were censured under the name of Pakistan ideology. The local history, heroes, and industrial crafts, which give meaning to the inhabitants of an area, were denied to the people of East Bengal.

Thus, in conclusion, one can understand why there was no Bengaladesh nation in 1947, but by 1971 there was one. The rulers' negative policies consolidated the Bengalis into a nation, by making them conscious of their common history and common deprivations.

JAMIL RASHID, Kingston

فلم

نگار پبلک فلم ایوارڈز کی نامزد فلموں کا اعلان کر دیا گیا

موجودہ ہیروز میں شاہد، ندیم اور وحید مراد کے درمیان سخت مقابلہ ہوگا

گلوکار مہدی حسن بلا مقابلہ کامیاب ہونگے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) بیسویں نگار پبلک فلم ایوارڈز برائے ۱۹۷۶ء کے سلسلہ میں قارئین نگار نے کوپن کے ذریعہ اپنی حقیقی آزاد رائے ادارہ نگار کو ارسال کی تھیں، قارئین کرام نے ۱۹۷۶ء کی ریلیز شدہ فلموں اور فنکاروں کے بارے میں اپنی پسند کا جو اظہار کیا ہے ان کی فہرست حروف تہجی کے حساب سے ذیل میں شائع کی جا رہی ہے جس کا جائزہ بعد میں مستند جج صاحبان کی ایک کمیٹی لے گی، بعد ازاں ایوارڈ یافتہ خوش نصیب فنکاروں اور ٹیکنیشنز وغیرہ کے ناموں کا اعلان کر دیا جائے گا۔ یہاں یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ مرد گلوکاروں میں مہدی حسن کے مقابلے پر کوئی دوسرا سنگر نامزد نہیں ہو سکا۔ تفصیلات درج ذیل ہیں۔



بہترین اردو فلم
(۱) آج اور کل (۲) تلاش (۳) شبانہ

بہترین اداکارہ (اردو فلم)
(۱) بابرہ شریف (۲) شبنم (۳) شبنم
(شبانہ) (آج اور کل) (تلاش)

بہترین پنجابی فلم
(۱) جٹ کڑیاں توں ڈردا (۲) طوفان (۳) وارنٹ

بہترین ساتھی اداکارہ (پنجابی)
(۱) آسیہ (۲) نجمہ (۳) نیلو
(وارنٹ) (لاثانی) (جٹ کڑیاں توں ڈردا)

بہترین سندھی فلم
(۱) لج تا پنھنجا کریا محبوب (۲) رت جی ندی (۳) [illegible]

بہترین اداکار (اردو فلم)
(۱) شاہد (۲) ندیم (۳) وحید مراد
(شبانہ) (انسان اور فرشتہ) ([illegible])

بہترین پشتو فلم
(۱) ارمان (۲) گجیان (۳) ہیبت خان

بہترین اداکار (پنجابی فلم)
(۱) کمال (۲) سلطان راہی (۳) یوسف خان
(جٹ کڑیاں توں ڈردا) (طوفان) (وارنٹ)

بہترین ہدایت کار (اردو فلم)
(۱) سنگیتا (۲) سید سلیمان (۳) نذر شباب
(سوسائٹی گرل) (آج اور کل) (شبانہ)

بہترین ساتھی اداکارہ (اردو فلم)
(۱) روحی بانو (۲) کویتا (۳) نصرت آرا
(انسان اور فرشتہ) (سوسائٹی گرل) (تلاش)

بہترین ہدایت کار (پنجابی فلم)
(۱) حیدر چودھری (۲) حسن عسکری (۳) سید کمال
(وارنٹ) (طوفان) (جٹ کڑیاں توں ڈردا)

بہترین ساتھی اداکار (اردو فلم)
(۱) سلطان راہی (۲) طالش (۳) قوی
(ان داتا) (سچائی) (آج اور کل)

بہترین کہانی نویس (اردو فلم)
(۱) [illegible] (۲) شباب کیرانوی (۳) نذیر جعفری (مرحوم)
(سوسائٹی گرل) (شبانہ) (آج اور کل)

بہترین مزاحیہ اداکار
(۱) [illegible] (۲) لہری (۳) ننھا
(آج اور کل) (دو بیچارے) (شبانہ)

بہترین عکاس (رنگین)
(۱) اظہر [illegible] (۲) ایم حسین (۳) علی خان
(شبانہ) (ان داتا) (آج اور کل)

بہترین موسیقار (اردو فلم)
(۱) ایم اشرف (۲) خلیل احمد (۳) کمال احمد
(شبانہ) (آج اور کل) (وقت)

بہترین گلوکارہ اور اس کا نغمہ
(۱) ناہید اختر (شبانہ) – تیرے سوا دنیا میں کچھ بھی نہیں
(۲) ناہید اختر (وقت) [illegible]
(۳) نور جہاں (آج اور کل) [illegible]

بہترین موسیقار (پنجابی فلم)
(۱) [illegible] (۲) وجاہت عطرے (۳) وجاہت عطرے
(وارنٹ) (جٹ کڑیاں توں ڈردا) (لاثانی)

بہترین گلوکار اور اس کا نغمہ
(۱) مہدی حسن (شبانہ) تیرے سوا دنیا میں کچھ بھی نہیں
(۲) مہدی حسن (آپ کا خادم) مجھے کرنا ہے اک گیت ہے
(۳) مہدی حسن ([illegible]) [illegible]

بہترین کہانی نویس (پنجابی فلم)
(۱) بشیر نیاز (۲) سید کمال (۳) ناصر ادیب
(وارنٹ) (جٹ کڑیاں توں ڈردا) (طوفان)

بہترین نغمہ نگار اور اس کا نغمہ
(۱) تسلیم فاضلی (آپ کا خادم) مجھے کرنا ہے اک گیت ہے
(۲) تسلیم فاضلی (شبانہ) تیرے سوا دنیا میں ...
(۳) مسرور انور (تلاش) [illegible]

بہترین مکالمہ نگار
(۱) بشیر نیاز (۲) ریاض الرحمان ساغر (۳) [illegible]
(آج اور کل) (شبانہ) (سوسائٹی گرل)

پاک فلمی وفد ماسکو فلم فیسٹیول میں شرکت کیلئے روانہ ہو گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ماسکو فلم فیسٹیول (جو کہ اس ماہ کی ۱۸ جولائی سے شروع ہو چکا ہے) میں شرکت کیلئے پاکستانی فلمی وفد جو پانچ افراد پر مشتمل ہے ۱۸ جولائی کی رات کو کراچی سے روس کے طیارے کے ذریعے ماسکو روانہ ہوا۔ وفد کے سربراہ [illegible] ہیں۔ ممبران میں اداکار ندیم، فلمساز و ہدایتکار [illegible]، بیگم [illegible] اور اداکارہ [illegible] شامل ہیں۔ اس سے قبل مذکورہ وفد ملک کے نامور شاعر فیض احمد فیض کی سربراہی میں جانے والا تھا اور فلمساز فیض صاحب کی فلم "جاگو ہوا سویرا" سرکاری طور پر ماسکو فیسٹیول میں دکھائی جانے والی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ فلم کا پرنٹ لندن کی ایک لیبارٹری میں ہی پڑا رہا اور یہ فلم ماسکو فیسٹیول میں نہیں دکھائی جا سکی چونکہ پہلے اس کی نمائش ہو چکی تھی۔ غالباً اسی وجہ سے فیض صاحب نے ماسکو فیسٹیول میں شرکت مناسب نہیں سمجھا۔

اب مذکورہ فیسٹیول میں کمرشیل جو پاکستانی فلمیں دکھائی جائیں گی ان میں "آئینہ" اور "بیوپاری" اور "دو آنسو" کے نام شامل ہیں۔ وفد کے لیڈر مسٹر [illegible] نے کہا کہ پاکستانی وفد ۱۲ روز ماسکو میں قیام کریگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفد ماسکو میں روسی فلموں کی [illegible] کے علاوہ دونوں ملکوں کے درمیان فلم کے مختلف [illegible]

ارکان سے بات چیت کریگا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے قبل سرکاری طور پر نمائندگی کے لئے "ساکھ" کا انتخاب کیا گیا تھا لیکن فلم اس دوران مکمل نہ ہو سکی اس لئے سرکاری طور پر کوئی فلم نہیں دکھائی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر سرکاری طور پر جو فلمیں میلے میں پیش کی جائیں گی ان میں "آئینہ"، "ناگن"، "بیوپاری" اور "دو آنسو" شامل ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ فلمیں روسی عوام میں مقبول ہوں گی۔ جناب [illegible] نے کہا کہ ہمارے ملک میں تجرباتی فلمیں بہت کم تیار ہوتی ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ فلمساز کو ایسی فلموں سے زبردست خسارہ لاحق ہوتا ہے انہوں نے بتایا کہ حکومت نے اس سلسلے میں بعض منصوبوں پر غور کر رہی ہے اور امید ہے مستقبل قریب میں تجرباتی فلموں کی تیاری کے سلسلے میں مؤثر اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے ملک میں فلموں کی ترقی، ان کے معیار کو بلند کرنے اور ملک میں نئی صلاحیتیں تلاش کرنے کے سلسلے میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔

برصغیر کے نامور فنکار صادق علی کا انتقال ہو گیا

مرحوم نے آخری ایام نہایت کسمپرسی کے عالم میں گزارے



[illegible] مرحوم نے فلمساز و ہدایتکار سہراب مودی کی متعدد فلموں میں کام کیا جو ان میں "خون کا خون"، "طلاق"، "میٹھا زہر"، "جیلر" اور "خان بہادر" کے علاوہ "ایک دن کا سلطان" اور "پکار" کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ ایک تاریخی فلم "ہمایوں" اور "سپر ہٹ فلم "جگ بیتی" میں انہیں بے حد شہرت حاصل ہوئی تھی۔ صادق علی کی شہرت کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی وہ اپنی کار میں بمبئی کی سڑکوں پر نظر آتے تھے تو لوگوں کا ہجوم ان کی موٹر کار کو دیوانہ وار گھیر لیتا۔ [illegible] ایک جھلک دیکھنے کے لئے بے تاب نظر آتا۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک پاکستانی مسلم، خوبصورت، گریجویٹ دوشیزہ مقیم امریکہ کے لئے مسلمان تعلیم یافتہ لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکے کو امریکہ کی اسپانسرشپ کے علاوہ ہر قسم کی اخلاقی، مالی، تعلیمی امداد دی جائے گی۔ ضروری شادی کے خواہشمند حضرات یا طالب علم ابتدائی خط مکمل تفصیل کے ساتھ لکھیں۔

MR. S. N.
P.O. BOX 822
GALION, OHIO 44833
USA

ایک حنفی المذہب، بی۔اے، بی۔ایڈ، اعلیٰ خاندان، امور خانہ داری سے اچھی طرح واقف لڑکی کے علاوہ ہینڈی کرافٹس اور کمپیوٹر ڈپلوما ہولڈر لڑکی کے لئے رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لئے عام دنوں میں شام سات بجے کے بعد اور ہفتہ اتوار کسی بھی اوقات میں درج ذیل نمبر پر رابطہ قائم کریں:

(312) 271-5386

ٹورانٹو میں مقیم اور حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ۲۸ سالہ برسر روزگار لڑکے کے لئے جس کی ماہانہ آمدنی ۲ ہزار ڈالر ہے، کسی سلیقہ مند لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند حضرات جلد مکمل کوائف اور فوٹو کے ساتھ خط لکھیں:

ALI C/O CRESCENT

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف پانچ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے۔

کرن ریڈیو پروگرام

باذوق خواتین و حضرات کیلئے ریڈیو AM-1250 CHWO پر پاک و ہند کی منتخب موسیقی کا نیا پروگرام "کرن" کے نام سے شروع کیا گیا ہے۔ پروگرام "کرن" ہر اتوار دن کو ساڑھے گیارہ بجے سے بارہ بجے تک نشر کیا جاتا ہے۔

آپ کی میزبان ہونگی ترنم جہاں۔ کرن سنئے اور اچھی موسیقی کا لطف اٹھائیے۔ مزید معلومات کے لئے فون کیجئے۔

252–6667

کچنر واٹرلو میں اردو ریڈیو پروگرام

ہر ہفتہ کے روز شام ۵ سے ۶ بجے تک 97.7 FM پر CKWR اور 98.3 CABLE پر کچنر واٹرلو کے علاقے میں اردو ریڈیو پروگرام پیش کیا جاتا ہے، جس کے اناؤنسر [illegible]

محفلِ شعر و سخن

(شعرائے اُردو کا تاریخ وار سلسلہ)

بادۂ کہن

علامہ اقبال

مسلمِ خوابیدہ اُٹھ ہنگامہ آرا تو بھی ہو
وہ چمک اُٹھا اُفق گرمِ تقاضا تو بھی ہو

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

جب اس انگارۂ خاکی میں ہوتا ہے یقیں پیدا
تو کر لیتا ہے یہ بال و پرِ روح الامیں پیدا

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اُس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

اُٹھائے کچھ ورق لالے نے کچھ نرگس نے کچھ گل نے
چمن میں ہر طرف بکھری ہوئی ہے داستاں میری

گدائے میکدہ کی شانِ بے نیازی دیکھ
پہنچ کے چشمۂ حیواں پہ توڑتا ہے سبو

متاعِ بے بہا ہے درد و سوزِ آرزومندی
مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

نہ کر تقلید اے جبریل میرے جذب و مستی کی
تن آساں عرشیوں کو ذکر و تسبیح و طواف اولیٰ

بجلی ہوں نظر کوہ و بیاباں پہ ہے میری
میرے لیے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے

کافر ہے تو ہے تابعِ تقدیر مسلماں
مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیرِ الٰہی

میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیرِ اُمم کیا ہے
شمشیر و سناں اوّل، طاؤس و رباب آخر

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری

ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

محمد اقبال نام، اقبال تخلص۔ ۱۸۷۷ء میں سیالکوٹ (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام شیخ نور محمد تھا۔ ذات کشمیری برہمن تھے۔ اقبال کو شمس العلماء مولوی سید میر حسن اور پروفیسر آرنلڈ جیسے شفیق استاد ملے جن کے فیضِ تربیت سے اُن کی فطری صلاحیتوں اور ذوقِ علمی کی نشوونما ہوئی۔ ۱۹۰۵ء میں یورپ گئے اور وہاں سے پی ایچ ڈی اور بیرسٹری کی سندیں حاصل کیں۔ شاعری کا شوق بچپن ہی سے تھا۔ ابتدا میں ارشد گورگانی سے مشورۂ سخن کیا، بعد میں مرزا داغ دہلوی سے اصلاح لی۔ بہت جلد اُن کے کلام کا آوازہ بلند ہو گیا اور دنیا نے شاعرِ مشرق اور ترجمانِ حقیقت کے خطابات سے نوازا۔ ۱۹۲۳ء میں سر کا خطاب ملا۔ اپریل ۱۹۳۸ء (۱۳۵۷ھ) میں لاہور میں وفات پائی۔

اقبال کی عظیم المرتبت شخصیت کی وسعتوں کا سمیٹنا بڑا مشکل کام ہے۔ وہ ایک بلند پایہ مفکر اور فلسفی بھی تھے، صاحبِ طرز نثار بھی، مسلمہ قادر الکلام اور بالغ نظر شاعر بھی۔ اُن کی شاعری میں جو توانائی ہے، جو سوز و گداز ہے، جو فکر [illegible] ہے وہ اُردو شاعری میں اور کہیں نہیں ملتا۔ اُن کے کلام میں جو سب سے بڑا پیغام ہے وہ دعوتِ فکر و عمل ہے۔ انہوں نے اُردو زبان کو خیالات اور الفاظ و تراکیب کا بڑا ذخیرہ عطا کیا اور اپنے اشعار میں وہ حقائق و معارف بیان کیے جن کو بہت سے لوگ محسوس تو کرتے تھے مگر کہہ نہ سکتے تھے۔

جامِ نو

غزل

نگار و نقشِ گلستاں تو کیا نکھارو گے
رُخِ بہار سے یہ رنگ بھی اُتارو گے

یہ لوگ پاؤں کی ٹھوکر بنا رہے ہو جنہیں
انہی کے سامنے کل جھولیاں پسارو گے

جہاں جہاں بھی بچھاؤ گے موت کے کانٹے
وہاں وہاں خلشِ زندگی اُبھارو گے

ہمیں خبر ہے کہ ہم بھی کھٹک رہے ہیں تمہیں
ہمیں بھی کوئی بُرا نام دے کے مارو گے

بنی رہے گی تمہاری بھی جان پر شب بھر
یہ رات تم بھی بڑے قہر کی گزارو گے

ظفر اقبال

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

کراچی سے نکلنے والے ایک رسالے میں پاکستان کے حالیہ بحران پر ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب فوج کی مدد سے بھٹو کو سانس لینے کا موقع ملا تھا۔ "ہم ساتھ ہیں" کے عنوان کے تحت بھٹو صاحب کی جو چاپلوسی کی گئی ہے اس کو پڑھیے:

" اخبارات اور رسائل نے جو پانچ سال تک پیرمٹوں اور لائسنسوں کے بل بوتے پر حکومت کے گن گاتے رہے اچانک پانسہ پلٹ لیا۔ صحافیوں کی رگِ حمیت اچانک پھڑک اُٹھی۔ انہیں حکومت دم توڑتی نظر آئی تو آزادیٔ صحافت کا پرچم لے کر نکل کھڑے ہوئے۔ خدا کی لعنتی والوں نے کچھ بھی خوف خدا نہ کیا۔ آمنا آمنا اور دوئی دوئی جیبک مانگنے والے پیپلز پارٹی کی وفاداریوں کا جھول چڑھا کر وزیروں کی صفوں میں گھس گئے۔ ان کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملائے۔ اپنے صفحات سیاہ کیے اور نتیجتاً لاکھوں روپے کے اشتہارات حاصل کیے ...... صرف صحافیوں کی بات نہیں ہے، ہمارے ہر شعبۂ حیات میں موجود ہوتے ہیں۔ جب وقت آیا تو آزمائش کی گھڑی میں ٹولا کھوں کا بینک بیلنس بنانے والوں نے آنکھیں پھیر لیں۔ جیسے دیکھو کتنا جتنا بھٹو صاحب گئے ہیں۔ پی۔ پی نے توڑ ہوا ہے۔"

اتنا لکھنے کے بعد اب یہ رسالہ بھٹو کی کھلی چاپلوسی کرتا ہے اور اپنی وفاداری کا یہ ثبوت دیتا ہے ان الفاظ میں اعلان کرتا ہے:

" ایسے سرتھا پر اسیں نازک گھڑی جب ہماری قوم ہے گمراہ ہیں، ہم نے بھٹو صاحب کا ساتھ دیا اور مکمل کر دیا۔ ہم نے لکھا تھا " یہ سونا کہاں" یہ رنگ " یہ ریشمی پیرہن کہاں سے آ رہے ہیں؟ ہم نے لکھا تھا، سارا جی فرج میں کسی ملک کا نقشہ آلٹنا چاہتی ہیں تو اس ملک کے مذہبی رہنماؤں کو ہماری قوم ادا کرے۔ ان سے عوام کے مذہبی جذبات سے کھیلنے کے لیے کون ہیں۔ ہم ہوا کے رُخ کے ساتھ اپنا رُخ نہیں بدلتے۔ ہم پہلے بھی جان کے ساتھ عوام کے قائد کے ساتھ تھے اور اب بھی ہیں۔"

اس قسم کا اعلانِ وفاداری کرنے والا صرف یہی ایک رسالہ نہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان کے ادیبوں کی جماعت بھی اسی قسم کے چمچوں کی ہے۔ ان لوگوں کو عوام اور ملک سے بے پناہ محبت ہوتی ہے۔ حق اور صداقت ان کی گھٹی میں ہے۔ خدا اور رسول کے نام پر ان کی دھڑکنیں تیز ہو جاتی ہیں۔ پیسے سے ان کو قطعی کوئی رغبت نہیں ہوتی۔ تنگ لیتی کے عادی نہیں ہوتے اور خدا ان کا بھلا کرے، خوشامد سے ان کو پہلے درجے کی نفرت ہوتی ہے۔

اسی قسم کے ادیب، صحافی اور شعراء جہاں ہمارے شہر میں بھی موجود ہیں۔ جنہیں نہ زبان آتی ہے نہ محاورہ جانتے ہیں، نہ شعر کی بحر سے واقف ہیں۔ جو پیسے بنانے کی دُھن میں ہیں ادب اور صحافت کو گندگی سے دریغ کرتے ہیں۔ جب یہ دنگو شا جواب مشکل سے اُلٹے ہاتھ میں قلم سنبھال کر "چمچہ گیری" پر اُتر آتے ہیں تو الفاظ پیالہ ما نگتے ہیں۔ بھٹو کی حرشان میں زمین آسمان ملا بیٹھتے ہیں اور سفیر پاکستان کی چاپلوسی میں دن رات ایک کر بیٹھتے ہیں۔ محض اس لیے کہ شاید سفارت خانے سے انہیں مشاعرے میں شرکت کا دعوت نامہ آ جائے اور ان کے گھٹیا ادبی رسالوں کو حکومت کے اشتہارات مل جائیں۔ اور یوں حکومت کے زیرِ سرپرستی ان کی ادبی و صحافتی "بدخدمتی" کا سلسلہ دراز رہتا ہے۔

اب اگر آپ یہ سوال کریں کہ بھٹو کے جانے کے بعد ان کے چمچوں کا کیا ہوگا؟ تو جواب کے لیے اس مضمون کے شروع میں دی ہوئی کراچی کے رسالے کی تحریر کو پھر سے پڑھیے:

" اخبارات اور رسائل نے جو پانچ سال تک پیرمٹوں اور لائسنسوں کے بل بوتے پر حکومت کے گن گاتے رہے اچانک پانسہ پلٹ لیا۔"

ان چمچوں میں ایک بہت بڑی خوبی پائی جاتی ہے ۔۔۔ گرگٹ والی۔ یعنی بدلتے حالات کے تحت رنگ بدل لینا۔ اب یہی لکھنے والے کہ "ہم ہوا کے ساتھ اپنا رُخ نہیں بدلتے" اچانک پانسہ پلٹ لیں گے اور رفتہ رفتہ نئے گدی نشین کی تعریفوں میں چٹکلے لکھیں گے۔ ہمارے شہر میں موجود پاکستان کی سابقہ حکومت کے چمچوں کو بھی رنگ بدلنے میں دیر نہ لگے گی۔ یہ ہوشیار عوام کی خیر خواہی کے نعرے لگانے لگیں گے اور سادہ لوح عوام کو یہ کہہ کر بہلاتے رہیں گے کہ ان کا پرچہ حقیقت کا ترجمان ہے، اور وہ پچھلے تین سال سے شائع ہو رہا ہے حالانکہ ڈیڑھ سال قبل اس کا وجود ثابت کرنے سے بھی وہ قاصر ہیں۔ اشاعت دس گنا زیادہ بتائیں گے تاکہ مشتہرین ان کے دام میں پھنس جائیں اور صحافیوں کی طرح کُھلے بندوں چوری کریں گے جیسے یہ ان کا "اصلی" مال ہو۔ حالانکہ وہ صحیفہ ان کے صفحات پر دور دور تک نہ ملے گی۔ مبالغے کا یہ عالم کہ اپنے پانچ سالہ نثری پروگرام کو آٹھ سالہ بتائیں گے اور اس پر طرّہ یہ کہ اپنے آپ کو قابلِ فخر بھی قرار دیں گے۔ یہی نہیں بلکہ دو ٹکوں کے بل بوتے پر کم عقلوں کے ضمیر خریدیں گے اور خود ضمیر فروشی میں سب سے آگے ہوں گے۔ اور جو شریف لوگ ان کے شیطانی کھیلوں میں شریک نہ ہوں گے انہیں دھمکیوں سے زیر کرنے کی کوشش کریں گے ۔۔۔۔ برخلاف ان مرسائی مینڈکوں کے "سچائی اور بے باکی" پر چلنے والے ایک بار پھر نقصان میں رہیں گے!

چاپلوسی اور تہذیب میں "چمچوں کا نشہ" یوں بھی استعمال نہیں کیے جاتے۔ البتہ "چمچوں" کی ہمیشہ ضرورت پڑتی ہے۔ پس ثابت ہوا کہ بھٹو کے بعد بھی چمچے "چمچہ گیری" کرتے رہیں گے ۔۔۔ لیکن فرق صرف اتنا ہوگا کہ یہ بھٹو کے بجائے "حکومتِ وقت" کے چمچے کہلائیں گے ۔۔۔!

●●

غزل

مامون ایمن

نیو یارک

مرض کا نام وفا، دل ہے جان سے نالاں
ستم شناس، جہاں سوز، سوختہ ساماں

جبیں جھکی تو جھکا دل بھی تیری چوکھٹ پر
ہمیں طلب کا ہر اک مرحلہ ہوا آساں

ہے ایک تو کہ زمانہ نثار ہے تجھ پر
اور ایک ہم ہیں کہ ہیں اپنی روح سے لرزاں

اُمید ہے کہ لہو گرم ہے تمنا کا
رُکے گی سانس بھی کیا غبارِ طوفاں کا


ادا چلی تھی ہمیں راس آ گئی وحشت
جہاں چھوڑا، چنی ہم نے ایک رہ ویراں

زمانہ ساز رسومات سے ہیں مارا
خدا کے روپ میں پھیلے ہیں چار سُو شیطاں

یہ سلسلہ برجیر، سفر بھی طویل ہے ایمن
تجیف کاندھے ہیں، پیروں میں بھی نہیں جاں

طنز و مزاح

[illegible]



بہنوں کی محفل

عورتوں کا سال

کرشن چندر

زیر نظر مضمون اردو کے نامور ادیب کرشن چندر مرحوم کی آخری تحریروں میں سے ہے جو "بیسویں صدی - دہلی" سے لیا گیا ہے۔

(ادارہ)

[illegible]

"LOVE IS ALWAYS BLIND"

[illegible]

"LOVE AT FIRST SIGHT"

[illegible]

آپ کے خطوط

مدیر محترم

السلام علیکم

مجھے ۲۹ جولائی کو یارک یونیورسٹی میں ہونے والے "پاکستان اسٹیڈی سرکل" کے جلسے میں شرکت کا اتفاق ہوا۔ مقررین کی فکر انگیز تقریریں اس محفل کا حاصل تھیں۔ خصوصاً جناب خالد بن سعید کا منتظمین کو یہ مشورہ بہت پسند آیا کہ وہ حکومت پاکستان کی یہاں سے تعمیری تنقید کے ذریعے خدمت کریں اور چاپلوسی کا کام سفارت خانوں کے لیے رکھ چھوڑیں۔ اگرچہ آپ کا اخبار پہلے ہی سے اس نظریے پر کاربند ہے لیکن فاضل مقرر نے جس دلنشیں پیرائے میں اس کا اظہار کیا ہے وہ آپ کے لیے تجدید عہد کا باعث ہوگا۔ کاش پاکستان کی آئندہ حکومت کو یہ بات سمجھ میں آئے کہ تعمیری تنقید کسی بھی حکومت کے لیے بہترین جوہر ہے۔ اس کا گلا دبانا اور چاپلوسی کرنے والوں کی ہمت افزائی کرنا سخت نادانی ہے!

یہ جلسہ سنجیدہ لوگوں کے بیٹھنے کی ایک محفل تھا۔ اگرچہ سوال و جواب کے وقفے میں بعض حضرات نے کچھ زیادہ ہی زبان درازی کا مظاہرہ کیا لیکن ایک طرح یہ اچھا ہی ہوا کہ انہیں آزاد فضاء میں دل کا غبار نکالنے کا موقع ملا۔ اگر ان لوگوں کو ایسے مواقع ملتے رہیں تو انہیں رفتہ رفتہ کچھ کہنے سننے کی تربیت بھی ہو جائے گی۔

محمد شفیق (ٹورانٹو)

تفسیر قرآن

سکاربرو میں تفسیر قرآن کا انتظام ہر اتوار کو ایک بجے دن BURROWS HALL SCHOOL میں کیا گیا ہے۔ بچوں کی عربی تعلیم کا بھی انتظام ہے۔ مزید معلومات کے لئے فون کیجئے۔

292–1876 OR 292–3777

کریسنٹ انٹرنیشنل

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

آزادانہ انتخابات — چند اہم تقاضے

بجے وقت پر آزادانہ و منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرانے کا فرض پورا کیا گیا ہے۔ یہ کام جس قدر مشکل ہے اس کا کچھ اندازہ ... لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل اور تمکنت سے توقع ہے کہ ... اس فرض ... سے عہدہ برآ ہو جائیں گے۔ یہ بات چیف الیکشن کمشنر مسٹر جسٹس مولوی مشتاق حسین نے گزشتہ دنوں اس منصب کا حلف اٹھانے کے بعد ... [illegible]

مسلمان اپنا مستقبل بنائیں (اقبال)

علامہ اقبال نے تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ روانگی سے قبل لکھنؤ کے ایک جریدہ ہمدم کے ایڈیٹر کے نام ایک مکتوب ارسال کیا تھا جس میں آپ نے فرمایا: مجھے آپ کی خدمت میں عرض ... [illegible]



حق کو قبول کرنے والوں پر اللہ کی رحمت ہو گی

رسول کریم کا سلطان عمان کے نام مکتوب مبارک

[illegible]

حدیث نبوی

انسان کے لئے بہترین کھانا وہ ہے جو وہ اپنے ہاتھ سے کما کر کھائے، اور سب سے اچھی کمائی وہ ہے جو آدمی اپنے ہاتھ سے کرے اور وہ تجارت جس میں تاجر بد دیانتی اور جھوٹ سے کام نہیں لیتا۔

آزاد

مسٹر بھٹو کے ساتھ پنجاب اور ملک سے متعلق بعض امور پر اختلافات پیدا ہوئے تھے

میں نے اشتعال انگیز تقاریر پیپلز پارٹی کی ہائی کمان کے ایماء پر کی تھیں





پیپلز پارٹی ملکی سیاست میں بھرپور حصہ لے گی

انتخابی مہم سے قبل بلوچستان سے فوج واپس بلالی جائے گی

ہم نے سیاسی مذاکرات کے دوران فوجوں کی واپسی کے لیئے نظام الاوقات کی سفارش کی تھی



چودھری ظہور الٰہی کو رہا کر دیا گیا

پاکستانی ہاکی ٹیم نے افغان ٹیم کو گول سے ہرا دیا

آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرانے کیلئے موثر مشینری فراہم کرنے کی کوشش کی جائیگی

انتخابی قواعد و ضوابط بنانے والی کمیٹی کا پہلا اجلاس آج منعقد ہوگا


متعلقہ قانون میں بھی ترمیم ہو سکتی ہے، نامزد چیف الیکشن کمشنر کا انٹرویو

جسٹس مولوی مشتاق حسین کو چیف الیکشن کمشنر مقرر کر دیا گیا



ملک بھر کی یونیورسٹیاں، ثانوی تعلیمی ادارے اور کالج پانچ ماہ بند رہنے کے بعد کھل گئے

تعلیمی اداروں کی رونقیں واپس آگئیں







نئے تارکین وطن کیلئے مفت

NAME: . . . . PHONE: . . . .

ADDRESS . . . .

. . . .

. . . .

DATE OF ARRIVAL . . . .

OCCUPATIONAL BACKGROUND . . . .

قومی اتحاد کی خواہش ہے بھٹو اور ان کی جماعت انتخابات میں حصہ لے، پروفیسر غفور

جنرل ضیاء نے انتخابات اکتوبر کے پہلے ہفتے ہی میں کرانے کا یقین دلایا ہے

تمام سیاسی نظربندوں کو بھی جلد رہا کر دیا جائے گا



ہزاروں ساتھیوں سمیت شمولیت






جسڑ کے مقام پر دریائے راوی میں شدید طغیانی، حفاظتی بند کو خطرہ پیدا ہو گیا، تحصیل پسرور کا نصف حصہ زیرآب

دریائے سندھ میں بھی زبردست سیلاب

فوجی جوان متاثرہ افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچا رہے ہیں







بیرونی ملکوں میں پاکستانی سفیروں کو اہم صلاح مشورے کیلئے اسلام آباد طلب کر لیا گیا

۵ جولائی کے اپریشن کے پس منظر سے آگاہ کیا جائے گا

پنجاب کے سابق وزیراعلیٰ صادق حسین قریشی کیخلاف اعلیٰ سطح پر تحقیقات شروع کر دی گئی

اختیارات سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور سرکاری رقوم انتخابات پر خرچ کرنے کے الزامات

نواب محمد احمد خان کے قتل کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات شروع ہو گئی

تحقیقاتی ٹیم نے بیگم محمد احمد خان اور احمد رضا قصوری سے ابتدائی معلومات حاصل کیں

میں اپنی جان کے خوف سے آٹھ ماہ تک روپوش رہا، خواجہ خیرالدین

"نامعلوم افراد ریڈ کے ویران جزیرے میں مجھے تنہا چھوڑ آئے تھے، سابق حکومت کی حمایت پر آمادہ کرنے کیلئے مجھے خطرناک نتائج کی دھمکیاں دی گئیں"



"سکیورٹی والے حکم عدولی کر کے مجھے ایک جزیرہ پر زندہ چھوڑ گئے"

میری عدم موجودگی میں پولیس میری بیوی کا پاسپورٹ لے گئی


[illegible]

بھارتی دانشوروں نے کہا:

خدا پاکستان پر اپنا فضل کرے یہاں پاکستان بنانے والوں سے یہ برتاؤ ہو رہا ہے

خواجہ خیرالدین کے ایک جاں گسل سفر کی روداد

[illegible]



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

جلد ۶ | یکم اگست ۱۹۷۷ء | ۱۵ شعبان ۱۳۹۷ھ | شمارہ ۱۰

اعلیٰ اختیارات کی کمیٹی نے انتخابی قواعد کا مسودہ حکومت کو پیش کر دیا

کمیٹی نے اپنا کام خوش اسلوبی سے مکمل کر لیا ہے، کام مکمل کرنے کے لیے کمیٹی نے متعدد اجلاس منعقد کیے

ملک کو خانہ جنگی کی بہت زیادہ قیمت ادا کرنا پڑتی

اگر تنقید نے میری کارروائی کو غلط قرار دیا تو میں گردن زدنی ہوں گا

میں نے جو کچھ کیا ملک اور قوم کے مفاد میں کیا: جنرل ضیاء الحق

"میرے کاندھے پر رکھ کر بندوق نہ چلائیں"

جنرل ضیاء الحق

جعلی قوجیوں سے خبردار رہیں، مارشل لاء احکام

ایڈیٹر مساوات کو رہا کر دیا گیا

مارشل لاء حکام سے معذرت کر لی

مولانا عبدالستار خان نیازی کو مارشل لاء کے ضابطہ نمبر ۵ کی خلاف ورزی پر گرفتار کر لیا گیا

لیبیا کی سرحدوں پر فوجوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا اور فضائیہ کا بڑا حصہ جنگ میں جھونک دیا

لیبیا نے فضائی جنگ کے دوران مصر کے ۶ طیارے تباہ کر دیے

طیارہ تباہ کرنے کے بعد مصری سکوڈرن لیڈر کو گرفتار کر لیا گیا

یاسر عرفات مصالحتی کوششوں میں مصروف ہیں